Human Resources Administration
Department of Homeless Services
Department of Social Services

DSS-7z (U) 01/08/2024 (page 1 of 4)
(E) 12/22/2023 LLF

# CityFHEPS کی تجدید
# اکثر پوچھے گئے سوالات
# (Urdu)

**کیا مجھے اپنے CityFHEPS کی تجدید کروانا ضروری ہے؟**

ہاں۔ آپ پر اپنے CityFHEPS کی سبسڈی کی تجدید کروانا لازم ہے۔ ہم سبسڈی والے سال کے اختتام سے پانچ مہینے پہلے آپ کو تجدید کی ایک درخواست بھیجیں گے۔ اپنی تجدید کی درخواست آپ کو موصول ہو جانے پر آپ کو اسے واپس ہمیں بھیجنا ہوگا اور:

- تصدیق کرنی ہوگی کہ آپ اب بھی CityFHEPS کے اپنے اپارٹمنٹ میں رہ رہے ہیں>
- اپنے گھرانے کے سائز کی تصدیق کرنی ہوگی
- آمدنی کی تجدید شدہ معلومات جمع کروانی ہوں گی

اگر آٌپ تجدید کی درخواست اور کوئی تائیدی دستاویزات اولین آخری تاریخ تک واپس نہیں بھیجتے ہیں تو ہم آپ کو ایک انتباہی نوٹس بھیجیں گے۔

اگر آپ ہمیں درکار چیزیں انتباہی نوٹس پر درج آخری تاریخ تک نہیں بھیجتے ہیں تو ہم سبسڈی والے سال کے اختتام سے پہلے 30 دنوں کے اندر آپ کی تجدید کی درخواست پر کارروائی نہیں کر سکیں گے۔ آپ اور آپ کے مکان مالک کو ایک حتمی موقوفی کا نوٹس موصول ہوگا۔

**اگر میں اپنی تجدید تاخیر سے واپس کرتا ہوں تو کیا ہوگا؟**

آپ کی تجدید ہمیں تاخیر سے (موقوفی کے حتمی نوٹس کے بعد) بھیجنے کے کچھ منفی عواقب ہو سکتے ہیں۔ آپ کا اختتام ہاؤسنگ کورٹ میں ہو سکتا ہے اور آپ کو اپنی رہائش چھوٹ جانے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔

لیکن اگر آپ کی تاخیر سے تجدید کی درخواست ہمیں سبسڈی والا سال ختم ہونے سے ایک سال کے اندر یا اس سے زیادہ مدت پر موصول ہوتی ہے اور ایک معقول وجہ موجود ہے تو ہم سبسڈی کی تجدید کر کے اسے بحال کر سکتے ہیں۔

(صفحہ پلٹیں)

**میں CityFHEPS کی اپنی تجدید کیسے جمع کراؤں؟**

ACCESS HRA (AHRA) کی معرفت جمع کروانا CityFHEPS کی آپ کی تجدید کی درخواست جمع کروانے کا آسان ترین اور محفوظ ترین طریقہ ہے۔

## اپنا تجدید فارم جمع کرائیں

- www.nyc.gov/accesshra پر جائیں یا ACCESS HRA (AHRA) موبائل ایپلیکیشن استعمال کریں۔
- اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں (یا ایک ترتیب دیں)۔
- ہوم پیج پر پر "Do you want to start your online Recertification now?" (کیا آپ ابھی اپنی آن لائن دوبارہ تصدیق شروع کرنا چاہتے ہیں؟) میں"Yes" (ہاں) پر کلک کریں۔
- اپنی معلومات پُر کریں اور اپنا فارم جمع کروائیں۔

## مطلوبہ دستاویزی شہادت جمع کروائیں




اپنی رہائش کی حالت میں ہونے والی تبدیلیوں جیسے کہ آمدنی، وسائل، کرایہ، یوٹیلیٹیز، خاندان کے سائز، نگہداشت طفل کے اخراجات میں ہونے والی تبدیلیوں اور دیگر تبدیلیوں کی تصدیق کرنے کے لیے AHRA کی موبائل ایپ پر دستاویزات اپ لوڈ کریں۔
مزید معلومات: www.nyc.gov/hradocs

## آن لائن جمع کروانے سے قاصر ہیں؟

اگر آپ ہمیں ایسی اضافی معلومات یا دستاویزات ارسال کرنے کے لیے AHRA کا استعمال نہیں کر سکتے جو ہم نے آپ سے فراہم کرنے کی درخواست کی ہے، تو آپ دستاویزات کی نقول ای میل کر سکتے، بذریعہ ڈاک بھیج سکتے ہیں یا ڈیلیور کر سکتے ہیں:

ای میل: RAPrenewals@hra.nyc.gov

ڈاک سے بھیجیں یا ڈیلیور کریں: CityFHEPS
NYC Human Resources Administration
109 East 16th Street, 10th Floor
New York, New York 10003

اس بات سے قطع نظر کہ آپ جمع کروانے کے لیے کون سا طریقہ استعمال کرتے ہیں، ایجنسی کو آپ کی تجدید موصول ہو جانے کے بعد، ہم اس بات کی تصدیق کریں گے کہ وہ ہمیں موصول ہو گئی ہے۔ اگر آپ آن لائن جمع کرواتے ہیں، جو آسان ترین اور محفوظ ترین طریقہ ہے تو، آپ کو اسی وقت تصدیق ملے گي کہ آپ نے اسے جمع کروا دیا۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**اگر میرے خاندان کے سائز میں تبدیلی آ جاتی ہے تو کیا ہوگا؟**

اگر کوئی فرد آپ کا گھرانہ چھوڑ کر چلا جاتا ہے تو آپ کا گھرانہ زیادہ سے زیادہ کرایے کی جتنی رقم کا اہل ہو سکتا ہے وہ رقم کم ہو سکتی ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو آپ کو کمتر کرایے والے نئی اپارٹمنٹ میں منتقل ہونا پڑ سکتا ہے۔

اگر آپ کے گھرانے کا سائز بڑھ جاتا ہے اور آپ کی یونٹ میں زیادہ بھیڑ ہو جاتی ہے تو آپ اپنے مقامی Homebase پروگرام میں جا کر ایک بڑی یونٹ میں منتقل ہونے کے لیے معقول وجہ سے منتقلی کی درخواست دے سکتے ہیں۔

**میرا گھرانہ کتنی آمدنی رکھ سکتا ہے؟**

آپ کے گھرانے کی مجموعی آمدنی ایریا میڈین انکم (Area Median Income, AMI) کے 80% تک ہو سکتی ہے اور پھر بھی CityFHEPS کی تجدید کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

**کیا CityFHEPS کی تجدید کروانے کے لیے میرے پاس نیا لیز ہونا ضروری ہے؟**

CityFHEPS پروگرام میں بدستور رہنے کے لیے آپ سے مکان مالک کے ساتھ لیز کی تجدید کروانے کا تقاضا نہیں کیا جاتا ہے۔ تاوقتیکہ آپ اب بھی CityFHEPS کے لیے اہل ہوں اور سبسڈی کی تجدید کروا لیں، پروگرام جاری رہے گا۔

**میں CityFHEPS کا اپنا کرایہ کیسے بڑھواؤں؟**

اگر آپ کا کرایہ بڑھ جاتا ہے تو ہم سبسڈی کو بڑھا سکتے ہیں۔ اپ کو ہمیں زیادہ کرایے کی رقم والی نئی دستخط شدہ لیز دکھانی ہوگی۔ جب آپ اپنا تجدید فام ہمیں بھیجیں تو براہ کرم نئی لیز ہمیں دیں۔ اگر آپ اپنے اپارٹمنٹ میں جنوری 2022 سے پہلے منتقل ہو گئے تو، براہ کرم ہمیں مکان مالک کی یوٹیلیٹی کی معلومات کا فارم دیں۔

**مکان مالک کی یوٹیلیٹی کی معلومات کا فارم (Landlord Utility Information Form) کیا ہے اور HRA کو اس کی ضرورت کیوں ہے؟**

HRA یوٹیلیٹیز والے اپارٹمنٹ کے لیے رقم ادا نہیں کرے گا اگر کچھ یا ساری یوٹیلیٹیز آپ کے مکان مالک کی طرف سے فراہم نہیں کی جا رہی ہیں۔ مکان مالکوں پر مکان مالک کی یوٹیلیٹی کی معلومات کا فارم پُر کرنا ضروری ہے تاکہ اگر کوئی یوٹیلٹیز فراہم کی جا رہی ہیں تو وہ HRA کو معلوم ہو جائیں۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**یوٹیلیٹی الاؤنس اور یوٹیلیٹی کی ادائیگی کیا ہے؟**

کرایہ دار کی طرف سے ادا کی جانے والی کوئی بھی یوٹیلیٹیز سبسڈی کی اس رقم سے کاٹ لی جائیں گی جو HRA مکان مالک کو ادا کرے گا۔ جو رقم کاٹی کی جاتی ہے سے "یوٹیلیٹی الاؤنس" کہا جاتا ہے۔ اگر کچھ یا تمام یوٹیلیٹیز آپ کے کرایے میں محیط نہ ہوں، اور آپ کا کرایہ زیادہ سے زیادہ اجازت یافتہ سے کم ہو تو، آپ کو ان یوٹیلیٹیز کے لیے ایک بھتہ ملے گا۔ یوٹیلیٹی الاؤنس کی بنیاد متعدد یونٹ سائز کے گھرانوں کے ذریعے ادا کردہ یوٹیلیٹیز اور خدمات کی تمثیلی لاگتوں پر ہوتی ہے۔

اگر آپ کا یوٹیلیٹی الاؤنس آپ کے گھرانے کی حصہ داری کی رقم سے زائد ہو تو، کوئی باقای ماندہ رقم آپ کو ڈاک سے بھیج دی جائے گی تاکہ آپ وہ رقم براہ راست اپنی یوٹیلٹییز کی ادائیگی کے لیے استعمال کر سکیں۔ اس رقم کو "یوٹیلیٹی کی ادائیگی" کہا جاتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم https://www.nyc.gov/site/hra/help/cityfheps-documents.page پر DSS CityFHEPS کی ویب سائٹ پر جائیں۔

آپ کل پانچ سالوں تک CityFHEPS موصول کر سکتے ہیں۔ اس میں کوئی بھی ایسا وقت شامل ہو سکتا ہے جب آپ کو پرانے کرایے میں اعانت پروگرام (CITYFEPS, LINC, SEPS یا Pathway Home) سے ادائیگیاں موصول ہوئی ہو سکتی ہیں۔

پانچ سال کی یہ حد تمام گھرانے پر لاگو نہیں ہوتی ہے۔ اگر آپ کے گھرانے میں کوئی ایسا فرد ہے جس کی عمر 60 سال یا زائد ہو یا وفاقی معذوری کی مراعات حاصل کرنے والا کوئی بالغ فرد شامل ہو تو وقت کی کوئی حد نہیں ہے۔ نیز بعض حالات میں، ہم معقول وجہ کے مدنظر آپ کی سبسڈی میں پانچ سال کی حد سے آگے تک توسیع کر سکتے ہیں۔

جب آپ پانچ سال کی حد کو پہنچنے والے ہوں گے تب ہم معقول وجہ سے تجدید کے لیے آپ کو ایک درخواست ڈاک سے بھیجیں گے۔

تجدیدات اہلیتی تقاضے پورا کرتے رہنے والے گھرانوں اور فنڈنگ کی بدستور دستیابی کے ساتھ مشروط ہیں۔